© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# شہدائے ختمِ نبوّت

جو لوگ تحریک تحفظِ ختم نبوّت میں جہاں تہاں شہید ہوئے اُن کے خون کا جواب دہ میں ہوں —— وہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں جانیں ہار گئے۔ اللہ تعالیٰ کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ اُن میں جذبۂ شہادت میں نے پھونکا تھا۔ جو لوگ اُن کے خون سے دامن بچانا چاہتے اور ہمارے ساتھ رہ کر اب کنی کترا رہے ہیں —— اُن سے کہتا ہوں کہ میں حشر کے دن بھی اُن کے خون کا ذمہ دار ہوں گا۔ وہ محبتِ رسول میں اسلامی سلطنت کے ہلاکو خانوں کی بھینٹ چڑھ گئے —— عقیدۂ ختمِ نبوّت کے تحفظ سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔ سیدنا ابوبکر صدیق رضؓ نے سینکڑوں حفاظِ قرآن صحابہ کرام رضؓ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے قربان کرا دیئے تھے

امیرِ شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

لاہور ۱۹۵۴ء

© rasailojaraid.com